SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر II مجریہ ۱۹۹۵

SINDH ACT NO.II OF 1995

سندھ فنانس (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۵

THE SINDH FINANCE (AMENDMENT) ACT, 1995

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۶۴ کے مغربی پاکستان ایکٹ نمبر XXXIV کی دفعہ ۱۲ کی ترمیم
Amendment of section 12 of West Pakistan Act No.XXXIV of 1964
۳۔ ۱۹۹۵ کے سندھ آرڈیننس نمبر ۱ کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance No.1 of 1995

سندھ ایکٹ نمبر II مجریہ ۱۹۹۵

SINDH ACT NO.II OF 1995

سندھ فنانس (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۵

THE SINDH FINANCE (AMENDMENT) ACT, 1995

[۲۲ جون ۱۹۹۵]

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ فنانس ایکٹ، ۱۹۶۴ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ فنانس ایکٹ، ۱۹۶۴ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ فنانس (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۵ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا اور ۲۷ اکتوبر ۱۹۹۴ سے نافذ سمجھا جائے گا۔

۱۹۶۴ کے مغربی پاکستان ایکٹ نمبر XXXIV کی دفعہ ۱۲ کی ترمیم

Amendment of section 12 of West Pakistan Act No.XXXIV of 1964

۲۔ سندھ فنانس ایکٹ، ۱۹۶۴ کی دفعہ ۱۲ میں:

(i) ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "اٹھارہ پیسے" کے لیئے الفاظ "ایک روپیا" کو متبادل بنایا جائے گا؛

(ii) ذیلی دفعہ (۲) کے لیئے، بشمول شرطیہ بیان کے، مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

"(۲) شگر ملز اور ملز کو گنا فروخت کرنے والے پر سیس میں حصہ پچھتر پیسے اور پچیس پیسے ترتیبوار کے مناسبت سے نافذ ہوگا؛

بشرطیکہ گنا مل کے اپنے فارم سے حاصل ہونے کی صورت میں، سیس کی قیمت ایک روپیا فی من کے حساب سے مل کی طرف سے ادا کی جائے گی۔"۔

۱۹۹۵ کے سندھ آرڈیننس نمبر ۱ کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance No.1 of 1995

۳۔ سندھ فنانس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۵ کومنسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔